صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعۃ المبارک مورخہ 12 مارچ 2010 بمطابق 25 ربیع الاوّل 1431 ہجری شام چار بجکر پینتیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ۔

یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ کُلُوْا مِمَّا فِی الْاَرْضِ حَلٰلًا طَیِّبًا وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ اِنَّہٗ لَکُمْ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌO اِنَّمَا یَاْمُرُکُمْ بِالسُّوْٓءِ وَالْفَحْشَآءِ وَاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَی اللّٰہِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَO وَاِذَا قِیْلَ لَھُمُ اتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَآ اَلْفَیْنَا عَلَیْہِ اٰبَآءَنَا اَوَلَوْ کَانَ اٰبَآؤُھُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ شَیْئًا وَّلَا یَھْتَدُوْنَO وَمَثَلُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا کَمَثَلِ الَّذِیْ یَنْعِقُ بِمَا لَا یَسْمَعُ اِلَّا دُعَآءً وَّنِدَآءً صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ

ترجمہ: لوگو جو چیزیں زمین میں حلال طیب ہیں وہ کھاؤ۔ اور شیطان کے قدموں پر نہ چلو۔ وہ تمہارا کھلا دشمن ہے وہ تو تم کو برائی اور بے حیائی ہی کے کام کرنے کو کہتا ہے اور یہ بھی کہ خدا کی نسبت ایسی باتیں کہو جن کا تمہیں (کچھ بھی) علم نہیں اور جب ان لوگوں سے کہا جاتا ہے کہ جو (کتاب) خدا نے نازل فرمائی ہے اس کی پیروی کرو تو کہتے ہیں (نہیں) بلکہ ہم تو اسی چیز کی پیروی کریں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا۔ بھلا اگرچہ ان کے باپ دادا نہ کچھ سمجھتے ہوں اور نہ سیدھے رستے پر ہوں (تب بھی وہ انہیں کی تقلید کئے جائیں گے) ۔ جو لوگ کافر ہیں ان کی مثال اس شخص کی سی ہے جو کسی ایسی چیز کو آواز دے جو پکار اور آواز کے سوا کچھ سن نہ سکے۔ (یہ) بہرے ہیں گونگے ہیں اندھے ہیں کہ (کچھ) سمجھ ہی نہیں سکتے

Mr. Speaker: ‘Question`s Hour’: Taj Muhammad Tarand Sahib.
Ms. Shazia Aurangzeb Khan: Point of order, Sir.

جناب سپیکر: بی بی، کیا ہے؟

بیگم شازیہ اورنگزیب خان: جناب سپیکر، پوائنٹ آف آرڈر پہ ایک ضروری بات کرنا چاہتی ہوں۔

جناب سپیکر: 'کوئسچنز آور' کے بعد، اگر ایسے ویسے سوال ہو تو 'کوئسچنز آور' کے بعد۔

بیگم شازیہ اورنگزیب خان: ډیر Important شیز دے۔

جناب سپیکر: Important شیز د کوئسچن نه مخکښے بل یو هم نه شی کیدے۔

نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

Mr. Speaker: ‘Question`s Hour’: Taj Muhammad Tarand Sahib

بیگم شازیہ اورنگزیب خان: جناب سپیکر، ایک منٹ جی۔

جناب سپیکر: بی بی! د رولز خلاف ورزی مه کوه، زه درله وروستو ٹائم درکوم 'زیرو آور' هم ستاسو د پاره دے، بیا هر څه تاسو پکښے وایئ خو اوس نه جی۔

جی، تاج محمد خان ترند صاحب، سوال نمبر 185۔

* 185 _ جناب تاج محمد خان ترند: کیا وزیر اوقاف، مذہبی و اقلیتی امور از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ رجسٹرڈ دارالعلوم کی تعمیر اور طلباء کی خوراک وغیرہ کیلئے امدادی فنڈ فراہم کرتا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ایم ایم اے کے دور حکومت کے پانچ سالوں کے دوران ضلع بٹگرام اور دیگر اضلاع میں کون کون سے دارالعلوم کو تعمیر کرنے اور خوراک وغیرہ کیلئے کتنا فنڈ فراہم کیا گیا، ان کی تفصیل بمعہ ضلع و تحصیل فراہم کی جائے؟

جناب نمروز خان (وزیر اوقاف، مذہبی و اقلیتی امور): (الف) محکمہ اوقاف صوبہ سرحد کو صوبائی حکومت کی طرف سے دینی مدارس کی تعمیر و مرمت کیلئے گرانٹ فراہم کی جاتی ہے تاہم محکمہ اوقاف صوبہ سرحد طلباء کی خوراک وغیرہ کیلئے امدادی فنڈ فراہم نہیں کرتا۔

(ب) ایم ایم اے حکومت کے دوران ضلع بٹگرام کے مدارس کو ملنے والی گرانٹ اور دیگر اضلاع کی فہرست مہیا کی گئی۔

Mr. Speaker: Supplementary?

جناب تاج محمد خان ترند: جناب سپیکر، منسٹر صاحب ډیر تفصیل سره جواب را کړے دے خو زما دیکښے یو ضمنی کوئسچن دے او دوئ چه کوم دا لسټ مونږ له را کړے دے چه په دیکښے بعضو مدرسو ته یو لاکھ روپۍ ورکړے دی، بعضو ته ئے پچاس هزار ورکړے دی، بعضے ته ئے دوه لکهه ورکړے دی نو زما ضمنی کوئسچن دا دے چه د دے څه Criteria ده؟ بعضے ځایونو کښے دوئ زیاتے پیسے ورکړے دی او بعضو ځایونو کښے ئے کمے ورکړے دی۔ شکریه جی۔

جناب سپیکر: جی، آنریبل منسٹر فار اوقاف۔ منسٹر صاحب کا مائیک آن کریں، کافی عرصہ بعد شاید اٹھے ہیں، ان کو بھول گئے ہیں۔ جی، حاجی نمروز خان۔

جناب نمروز خان (وزیر اوقاف، حج و مذہبی امور): شکریہ۔ جناب سپیکر صاحب، معزز ممبر نے جو سوال کیا ہے تو میں پہلے آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آج آپ نے ایجنڈے پر میرے محکمے کے کوئسچنز لائے ہیں اور میں اس کیلئے آپ کا ممنون ہوں۔ معزز ممبر نے جو سوال اٹھایا ہے کہ مدارس کو جو گرانٹ دی جاتی ہے، وہ صوبائی حکومت اوقاف کو کچھ امدادی فنڈ فراہم کیا جاتا ہے اور پھر ہم مدارس کی تعمیر و مرمت کیلئے Amount دیتے ہیں تو اس میں کوئی زیادہ ہوتی ہے اور اس کی جو Requirement ہوتی ہے، اس حساب سے تقسیم کرتے ہیں تو کسی کو دس ہزار، کسی کو پندرہ ہزار، کسی کو بیس ہزار، اس طریقے سے دی جاتی ہے۔ Criteria اس کا یہ ہے کہ اس میں بچوں کی تعداد کے حساب سے دیتے ہیں۔۔۔۔۔

Mr. Bashir Ahmad Bilour: Need basis.

وزیر اوقاف حج و مذہبی امور: جی ہاں، Need basis پر۔

جناب سپیکر: محترمہ نرگس ثمین بی بی، موجود نہیں۔ احمد خان بہادر صاحب، موجود نہیں۔ محترمہ زرقا بی بی، سوال نمبر 678۔

* 678 _ محترمہ زرقا: کیا وزیر اوقاف، مذہبی و اقلیتی امور از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ بھر کے مخیر حضرات نے اپنی قیمتی جائیداد سے اپنے اپنے علاقوں کے غریب عوام کیلئے قبرستان کیلئے زمین وقف کی ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ وقف شدہ زمین محکمہ اوقاف کی ملکیت بن جاتی ہے اور اس کی حفاظت بھی محکمہ اوقاف کی ذمہ داری ہوتی ہے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ وقف شدہ زمین برائے قبرستان پر کسی قسم کے مکانات وغیرہ کی تعمیر پر پابندی ہے؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو نوشہرہ کلاں یونین کونسل نواں کلے اور صوبے کے دیگر قبرستانوں کی حفاظت کیلئے محکمہ نے کیا اقدامات کئے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب نمروز خان (وزیر اوقاف و مذہبی امور):</u> (الف) محکمہ اوقاف کو ان قبرستانوں کے بارے میں علم ہوتا ہے جن کیلئے باقاعدہ طور پر نوٹیفکیشن اوقاف آرڈیننس 1979 جاری کیا گیا ہے۔

(ب) جو زمین وقف کی جاتی ہے تو اس زمین کا انتظام وانصرام محکمہ اوقاف کی ذمہ داری بن جاتی ہے او اسکی حفاظت بھی محکمہ ہذا کرتا ہے۔

(ج) جو زمین برائے قبرستان وقف کی جاتی ہے اور باقاعدہ Notified ہو تو اس پر کسی قسم کے مکانات کی تعمیر وغیرہ ممنوع ہے۔

(د) نوشہرہ کلاں یونین کونسل نوے کلے کی قبرستان محکمہ اوقاف کے تحویل میں نہیں ہے اسلئے مذکورہ قبرستان کے ساتھ محکمہ اوقاف کا کوئی تعلق نہیں ہے جبکہ دیگر وقف شدہ زمین برائے قبرستان کا جواب جز (ج) میں ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

<u>Mrs. Zarqa:</u> Satisfied, Sir.

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ۔ محترمہ نور سحر بی بی، سوال نمبر 813۔

* 813 _ <u>محترمہ نور سحر:</u> کیا وزیر اوقاف، مذہبی واقلیتی امور ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ میں محکمہ اوقاف کی زمین اور پلازے موجود ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان میں سے کچھ لیز پر دی گئی ہیں اور کچھ کے عدالتی کیسز چل رہے ہیں؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ جائیداد سے گورنمنٹ کو باقاعدہ آمدن وصول ہو رہی ہے؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) محکمہ اوقاف کے پلازوں اور زمین کی ضلع وار تفصیل کیا ہے، نیز ان میں سے لیز پر دی گئی زمین کی تفصیل اور آمدن بتائی جائے؛

(ii) اوقاف کی جائیداد کے سلسلے میں عدالتی کیسوں کی تفصیل ہر ایک کیس کی شروع ہونے کی تاریخ، دورانیہ، زیر التواء کیسوں کی تعداد اور فیصلہ کی تاریخ بتائی جائے، نیز کتنے کیسوں میں فیصلہ محکمہ کے حق میں اور کتنے فیصلے محکمے کے خلاف ہوئے؛

(iii) مذکورہ کیسوں میں محکمہ کے وکلاء کے نام اور فیسوں کی تفصیل بتائی جائے۔

(iv) محکمہ کی گزشتہ تین سالہ کارکردگی Year wise اور مستقبل کے منصوبوں کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

جناب نمروز خان (وزیر اوقاف، مذہبی و اقلیتی امور): (الف) ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) ہاں، یہ درست ہے۔

(ج) ہاں، یہ درست ہے کہ مذکورہ جائیداد سے محکمہ اوقاف کو باقاعدہ آمدن وصول ہو رہی ہے۔

(د) (i) محکمہ اوقاف کے کمرشل پلازہ جات / زرعی اراضیات و امدن کی ضلع وائز تفصیل فراہم کی گئی۔

(ii) اوقاف کی جائیداد کے سلسلے میں عدالتی کیسوں کی تفصیل جن میں پشاور، مردان ڈویژن، ہزارہ ڈویژن اور ضلع بنوں شامل ہیں، ایوان میں فراہم کی گئی۔

(iii) پشاور، مردان ڈویژن، ہزارہ ڈویژن اور ضلع ڈیرہ و بنوں کی معلومات کی تفصیل بھی ایوان کو فراہم کی گئی۔ اس کے علاوہ محکمہ اوقاف نے تین لیگل ایڈوائزرز کی ضلع پشاور کیلئے فکسڈ ماہانہ تنخواہ پر تقرری کی ہے جن کے اسمائے گرامی درج ذیل ہیں:

1۔ سید سردار حسین ایڈوکیٹ۔

2۔ فرمان اللہ خٹک ایڈوکیٹ۔

3۔ شیخ فضل حسین ایڈوکیٹ۔

(iv) تفصیل مہیا کی گئی۔

جناب سپیکر: دیکبنے سپلیمنٹری سوال شته؟

محترمہ نور سحر: نمبر ایک خو دا ده چه دوئ د کومو وکیلانو نومونه مونږ له راکړی دی نو دوئ درے وکیلان نیولی دی او هغے کبنے دومره کیسونه په اوقاف کبنے نه وی خو بیا هم چه دوئ درے نیولی دی نو د دے نه باوجود دوئ په نورو وکیلانو باندے هم ډیر کیسونه کړی دی نو چه دوئ سره خپل وکیلان شته نو دوئ په نورو وکیلانو باندے ایکسټرا پیسے دس هزار او پانچ هزار او بیس هزار

ورکړی دی، فاروق شاه دے پکښے او داسے نور وکیلان دی پکښے او په هغوی ئے کیسونه کړی دی۔ زما دریم کوئسچن دا دے چه دوئ کله د دوئ په ملکیت باندے پلازے او نرسریانے جوړوی او د هغے نه پس په هغے باندے کیسونه دائر کوی چه کله هغه Complete شی نو دوئ په هغه وخت کښے اوده وی یا دا محکمه په هغه وخت کښے اوده وی، د دوئ څوک سټاف نشته چه هغوی سروے کوی او هغوی ګوری چه کوم ځائے کښے د دوئ په ملکیت باندے بلډنګونه جوړیږی او په هغے باندے نرسریانے جوړیږی نو هغه وخت کښے دوئ کوم ځائے کښے وی؟ بله خبره دلته د نورین افشاں یو کیس دے نو زه تپوس کوم چه د دے کیس څه نوعیت دے چه 2006 نه واخله اوسه پورے د هغے فیصله هم او نه شوه او اوسه پورے د هغے هیڅ حل رااونه وتو او داسے مختلف نور کیسونه هم دی چه هغه دوئ داسے پریښودی دی او پینډنګ پراته دی، نه ئے فیصله کیږی او نه ئے دغه کیږی نو دا محکمه څه کوی، دا اوده ناسته ده، اول کیسونه دوئ باندے جوړیږی ولے نه، دوئ په هغه وخت کښے ولے نه کوی؟

جناب سپیکر: جی، آنریبل منسٹر صاحب۔

جناب عطیف الرحمان: جناب سپیکر، زما هم یو ضمنی کوئسچن دے پکښے۔

جناب سپیکر: جی، عطیف الرحمان صاحب۔

جناب عطیف الرحمان: جناب سپیکر صاحب، ډیره مهربانی۔ جناب سپیکر صاحب، په پیښور کښے چه کوم تفصیل دوئ د دے سرکاری زمکو ښودلے دے، چونکه هغه ټولے Complete نه دی نو زما دا ګزارش دے چه دوئ د د دے زمکو صحیح تعداد اوښائی چه یره دلته کښے د اوقاف ډیپارټمنټ زمکے څومره دی او په هغے باندے پلازے څومره دی او د هغے نه څومره انکم دے؟

جناب نمروز خان (وزیر برائے اوقاف): جناب سپیکر صاحب، په دیکښے دا مونږه----

جناب سپیکر: جی، مفتی کفایت اللّٰه صاحب۔ اودریږه منسټر صاحب، آنریبل منسټر صاحب۔ جی مفتی کفایت اللّٰه صاحب۔

مفتی کفایت اللّٰه: شکریه۔ جناب سپیکر صاحب، زه محترم وزیر اوقاف نه دا پښتنه کول غواړمه چه هغه کوم تفصیل راکړے دے چه په مانسهره کښے څه زمکے دی

چه هغه ډیر نامدارو او ناموړو خلقو لاندے کړے دی نو آیا د هغوی خلاف څه کریک ډاؤن کیږی او هغه به واګزار کیږی که نه دغسے به روان وی؟ ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: جی، آنریبل منسٹر صاحب۔

وزیر برائے اوقاف: مفتی صاحب چه کوم کوئسچن اوکړو نو زمونږ اصل کښے د اوقافو مختلف ځایونو کښے ډیرے زمکے دی او هغه لینډ مافیا واقعی د شروع نه قبضه کړے دی او په مختلفو طریقو سره ئے هغے باندے آبادئ هم کړے دی لیکن اوس مونږ یو پالیسی جوړه کړے ده چه کومے داسے زمکے چه هغه د اوقاف دی نو په هغے به مونږه انشاءالله د هغوی خلاف کارروائی کوؤ او مونږ په هغے باندے باقاعده نوټس ورکړے دے او څنګه چه مانسهره کښے کومه زمکه ده نو په هغے باندے هم نوټسز دوه وارے تلی دی بلکه درے وارے تلی دی لیکن هلته هغه لینډ مافیا هغوی سره فی الحال هغه مسئله حل شوے نه ده او د عطیف الرحمان صاحب چه کوم کوئسچن دے نو هغه هم د پیښور باره کښے دے نو پیښور کښے زمونږه د اوقاف ډیر جائیداد دے لیکن هغه لینډ مافیا سره دے نو د شروع نه د هغے خلاف ما کارروائی کړے ده او مونږ انشاءالله داسے یو پالیسی جوړه کړے ده چه کوم خلق په کومو زمکو باندے قابض دی چه هغه مونږه واپس واخلو او هغوی سره لیز اوشی او د هغے نه مونږه ته څه امدن شروع شی او کوشش زمونږه جاری دے چه مونږه خپل د اوقاف چه کومے زمکے چا قبضه کړے دی نو انشاء الله چه دا مونږه واپس کړو او بیا د محکمے امدن جوړ شی۔

جناب سپیکر: نورسحر بی بی! تاسو د دوئ د جواب نه۔۔۔۔

محترمہ نورسحر: سر، دیکښے دوه رنګه دغه دی چه بعضے ځایونو کښے دوئ فری لیکلی دی نو ولے دوئ دغه کیسونه فری کړی دی چه بعضے ته ئے فری لیکلی دی؟ بعضے ته ئے پیسے لیکلے دی او هغه کوم وکیلان چه دوئ مقرر کړی دی نو هغه دوئ مونږه ته ښودلے هم نه دی چه دوئ له Monthly څومره ورکوی او یا سالانه دوئ هغوی له څومره ورکوی او هغے کښے بیا Stay orders شوی دی د هائی کورټ نه او هغه کسان اوسه پورے دوئ بے دخله کړی نه دی چه دوئ ته

هائی کورټ Stay order ورکړے دے نو اوسه پورے دوئ هغوی بے دخله کړی ولے نه دی؟ او بل چه دوئ په لیز کومے زمکے ورکړے دی نو په هغے کښے Uniformity نشته۔ چرته چه دے نو دوئ په لیز باندے زمکه دومره ارزانه ورکړے ده، 1,73000 باندے ئے ورکړے ده او په بل ځائے کښے ئے په 1,53,000 باندے د هغے نه ئے کمه ورکړے ده نو زه خو حیرانه یم چه دا څه قیصه روانه ده؟ ما خو دا دوه ورځے د دے سټډی اوکړه نو ما ته دیکښے ډیره غټه لانجه ښکاری نو ښه به دا وی چه دا تاسو کمیټئ ته ریفر کړئ او دیکښے چه انوسټی ګیشن اوشی او مونږ ته پوره تفصیل راکړے شی۔

جناب سپیکر: جی، عطیف خان۔

جناب عطیف الرحمان: ښنګه چه منسټر صاحب د دے په حواله خبره اوکړه چه په پیښور کښے کومے زمکے او زیاتے زمکے خلقو سره دی نو د هغے ریکارډ په دے سوال کښے شته دے نه نو زما هم دا ګزارش دے چه دا سوال تاسو کمیټئ ته ریفر کړئ چه دا پکښے Thrash out شی او صحیح معلومات اوشی چه په دیکښے څه دغه شوی دی چه د هغے ټول معلومات اوشی۔

جناب سپیکر: جی منسټر صاحب! تاسو ئے سپورټ کوئ؟

وزیر اوقاف حج، و مذہبی امور: دا سوال په ایجنډا خو نه دے راغلے او که وی نو مونږ ته به کوئسچن راغلے وو نو مونږ به تفصیل درکړے وو، انشاءالله مونږ سره تفصیل موجود دے او که څه وخت ئے پکار وی، مونږ به ئے تاسو ته درکړو خو دا سوال مخکښے دیکښے نه دے راغلے، د پراپرټئ په دغه کښے تفصیل نه دے معلوم ځکه مونږه تاسو ته ښنګه درکړے وے؟ باقی چه کومه کرایه ده، چه کوم راغلے وه نو هغه مونږ تاسو ته درکړے ده او هغه لسټ دا دے مونږ سره موجود دے۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی، لودھی صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر صاحب، میں اس سلسلے میں ایک بات کرنا چاہتا ہوں۔ میں یہ نہیں چاہتا کیونکہ حق ہے آنریبل ممبران کا کہ وہ سوال دیں، میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں ممبرز سے بھی اور ہاؤس سے

بھی، میرا یہ سوال ہے کہ اس سے کیا Output نکلا ہے، اس سے میرے عوام کو کیا فائدہ ہوا ہے، گورنمنٹ کو کیا نقصان ہو رہا تھا، کیا کسی قاعدے کے مطابق وہ چیز نہیں دی جا رہی تھی؟ اور جو گورنمنٹ ہوتی ہے تو ہر گورنمنٹ اپنے قاعدے کے مطابق دیتی ہے، ہم ایسا سوال بعض اوقات لاتے ہیں کہ جس پر ایک مہینہ دو مہینے ان کے لگ جاتے ہیں، اس دفتر میں اس کے علاوہ کوئی کام نہیں ہے، وہ جواب لاتے ہیں پھر اس کے بعد ہمارا یہ ہوتا ہے کہ اس کو کمیٹی کے حوالے کریں تاکہ Thrash out ہو جائے، یہ پریکٹس مجھے سمجھ نہیں آتی کہ یہ Trend کب ہمارا Change ہوگا؟ اگر ایک آدمی جا کر اس آفس میں اور اپنی معلومات حاصل کرلے اگر وہاں سے اسے کوئی معلومات نہیں ملتی ہیں تو اس کے بعد وہ ایسی چیز کو جو سپیشل ایک چیز ہے، اسمبلی میں لے آئے، اب جاتے جاتے کسی سے کوئی بات ہو جائے تو دوسرے دن کو کسچن دے دیں اور ان کے بڑے پلندے جن پر لاکھوں روپے کا خرچہ ہوا ہے اور پورا محکمہ بیٹھا رہے، تو اس کو کب تک ہم Change کرینگے جی؟

جناب سپیکر: جی نمروز صاحب۔

وزیر اوقاف، حج و مذہبی امور: یہ جو سوال پوچھا جاتا ہے، اسی حساب سے ہم ان کو تفصیل فراہم کرتے ہیں۔ یہ جیسے لودھی صاحب نے کہا کہ اگر یہ پریکٹس ختم ہو جائے تو بڑی اچھی بات ہے اور آج کل کمپیوٹرائزڈ زمانہ ہے، اگر ریکارڈ پر کمپیوٹر سے انفارمیشن لی جائے، ویب سائٹ سے لی جا سکتی ہے لیکن یہ اسمبلی کے جو حقوق اور سب ممبرز کا جو حق بنتا ہے کہ وہ اپنے کوئسچنز کر سکتے ہیں تو ہم اس کا جواب دینگے، انشاءاللہ۔

جناب سپیکر: نمروز صاحب! د بی بی دا سوال دے چه بعضے ځایونه به قیمتي وي، بعضے به دغه وي، هغه خو دا سے جواب دے، ریښتونو کښے فرق ځکه دے خو دا بعض ډیر Prime locations دي، تاسو هغے کښے د ریټس د بړهاولو کوشش او نه کړو او دویمه دا خبره چه دا فالتو وکیلان نیول یا زمونږ دا دومره ډیر لوئے سټاف، دا ایډوکیټ جنرل یا اے جی آفس والا دي، دوئ نه تاسو Help نه اخلئ؟

وزیر برائے اوقاف: اصل کښے زمونږه چه کومه محکمه ده، هغه یو Autonomous Body ده او مونږه څه وخت کښے کیس تو کیس هم وکیل اونیسو لیکن دوه درے وکیلان دا سے دي چه هغه مونږ همیشه د پاره کوم کیسس د شروع نه چلیږی نو هغه Attend کوی او هغے د پاره مونږ له مستقل وکیلان پکار وي او باقي چه

کوم دا سے غټ کیس وی نو هغے له مونږ بیا کیس تهٔ کیس وکیل نیسو او هغه څه Matter نه کوی۔

محترمہ نور سحر: سپیکر صاحب! میں اس سے Satisfy نہیں ہوں، یہ 1992 سے ایک کیس ہے جس کا قبضہ ابھی تک انہوں نے نہیں بتایا کہ وہ کس کے پاس ہے اور اس میں بہت سے چیزیں ہیں جو یہ مجھے کلیئر نہیں کر سکتے۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی عطیف خان! تاسو څه غواړئ؟

جناب عطیف الرحمان: جی، کمیټئ ته ئے ریفر کړئ۔

محترمہ نور سحر: کمیټئ ته ئے ریفر کړئ چه مونږ ته پوره ډیټیل ملاؤ شی۔

جناب عطیف الرحمان: کمیټئ ته ئے ریفر کړئ جی۔

وزیر برائے اوقاف: جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔

جناب سپیکر: تاسو څه وئیل غواړئ، سپورټ کوئ ئے که مخالفت ئے کوئ؟

وزیر برائے اوقاف: د کمیټئ دیکښے ضرورت نشته، دا خو دوئ چه کوم کوئسچن کړے دے، د هغے جواب مونږ ورکړے دے، دا دے د دے ریکارډ موجود دے، باقی که دوئ ته نور څه تفصیل پکار وی نو هغه به انشاءالله ورکړو او کمیټئ ته ضرورت دیکښے نشته دے۔

جناب سپیکر: هغوی چه stress کوی نو بیا به ئے تاسو دغه اوکړئ۔

Is it the desire of the House that Question asked by the honourable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was defeated)

Mr. Speaker: The ‘Noes’ have it. The Question is dropped. Mohtarma Nargis Sameen Bibi, Question No. 757. Not present. Sardar Aurangzeb Khan, Question No. 762. Not present. Again Sardar Aurangzeb Khan Nalotha Sahib, Question No. 764 Not present. Mr. Fazalullah Sahib, Question No. 781. Not present. Mohtarma Nazli Jasim Bibi, Question No. 793. Not present.

مفتی سید جانان صاحب، سوال نمبر کیا ہے جی؟

مفتی سید جانان: جناب سپیکر صاحب! ما سره سوال نشته۔

جناب سپیکر: سوال درسره نشته؟ دا اته سوالونه دی او هغه بله ورغ زما په خیال تقسیم شوی دی، یو کاپی شته؟

مفتی سید جانان: زه جی دا گزارش کوم چه دا ایجنډا مونږ ته نه ده ملاؤ شوے او یو دوه درے منټه غواړم ستاسو نه چه زه دا سوال اوگورم۔

جناب سپیکر: ډیپارټمنټ په ټائم باندے د کوئسچن جواب نه دے راليږلے ،دا سخت وارننگ دوئ ته بیا ایشو کیږی چه دا د دے هاؤس Breach of privilege کښے راځی، This is again warning to you۔ مفتی صاحب! دا تاسو اوس وئیلے شئ؟

مفتی سید جانان: زه جی، یو دوه منټه ټائم لږ راته تاسو راکړئ۔

جناب سپیکر: بنه تاسو ته وروستو ټائم درکوم، ستاسو دوه کوئسچنے دی، دواړه Read کړئ جی۔

مفتی سید جانان: صحیح ده جی، صحیح ده جی۔

جناب سپیکر: *سید قلب حسن، کوئسچن نمبر 799، موجود نہیں۔ اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب، سوال نمبر 817۔*

* 817 _ *جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:*

(الف) آیا یہ درست کہ سال 09-2008 کے دوران ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ڈیرہ میں مختلف کیٹگریز کی انچاس ٹیکنیکل اور دیگر آسامیوں کی منظوری دی گئی تھی؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ مذکورہ آسامیوں پر بھرتی مروجہ طریقہ کار کے مطابق ہوئی ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو اشتہار کی کاپی امیدواروں کے ٹیسٹ/انٹرویو کا ریکارڈ اور بھرتی شدہ افراد کے کوائف یعنی نام، پتہ اور ڈومیسائل کی تفصیل فراہم کی جائے؟

سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت): (الف) جی ہاں۔

(ب) عدالت عالیہ کے حکم کے تحت 2003 میں کنٹریکٹ پر بھرتی کئے گئے اکتالیس پیرامیڈیکس کو مروجہ طریقہ کار کے بعد 09-2008 میں ایڈجسٹ کیا گیا ہے جبکہ آٹھ پوسٹیں خالی ہیں۔

(ج) چونکہ ملازمین کو عدالت عالیہ کے حکم کے تحت ایڈجسٹ کیا گیا ہے اس لئے کوئی نئی بھرتی نہیں کی گئی ہے اور ایڈجسٹ کئے گئے ملازمین کی تفصیل درج ذیل ہے:

LIST OF PERAMEDICS STAFF

S.No	Name of Employee	Adjusted against original post
1	Allah Nawaz	JCT Anaesthesia
2	Muhammad Yousaf zeb	JCT Dental
3	Shahibzada Aftab Ahmad	JCT Dental
4	Khalid Mehmood	JCT Pharmacy.
5	Muhammad Arif	JCt Pharmacy.
6	Muhammad Bilal	JCT Pharmacy.
7	Rashid Menhas	JCT Pharmacy.
8	Muhammad Ramzan	JCT Pharmacy.
9	Hafiz Muhammad Majid	JCT Pharmacy.
10	Mohayuddin	JCT Pharmacy.
11	Waheedullah	JCT Pharmacy.
12	Muhammad Naseem	JCT Pharmacy.
13	Abdul Hameed	JCT Phalmology
14	Syed Nizakt Ali Shah	JCT Cardiology.
15	Amadullah s/o sarwar khan	JCT Anaesthesia.
16	Nasrullah s/o M. Afzal	JCTAnaesthesia.
17	Ikramullah s/o Habibullah	JCT Anaesthesia.
18	Salahud Din s/o Adul Qayum	JCT Anaesthesia.
19	Muhammad Irfan s/o Ghulam Abbas	JCTRadiology.
20	Hidayatullah s/o Atta Muhammad	JCT Radiology.
21	Saeed Ahmad.s/oGhulm Hussain.	JCT Phamacy.
22	Mukhtiar Hussain s/o Ghulam Hussain	JCTPhamacy.
23	Muhammad Muzafar s/o Alam Sher	JCTSurgical.
24	Muhammad Ashraf s/o M. Aslam	JCT Surgical.
25	M. Ishaq s/o Muhammad Hayat	JCT Surgical
26	Muhammad Ishaq s/o Shah Hussain	JCTSurgical.
27	Yousaf Haroon s/o M. Bakhsh	JCTSurgical.
28	Fazal Rehman s/o Ghulam Hussain	JCTSurgical.
29	Muhammad Rafiq s/o Abdul Aziz	JCTSurgical.
30	Kifayat Hussain s/o Manzoor Hussain	JCTSurgical.
31	Muhammad Irfan s/oM. Zaman	JCTSurgical.
32	Muneer Alam Shah s/o Allah Nawaz	JCTSurgical.
33	Shaukat Ali s/o Muhammad Abdullah	JCTSurgical.
34	Waqar Ahmed s/o Zahoor Ahmed	JCT Cardiology.
35	Muahammad Idress s/o M. Younis	JCT Cardiology.
36	Ibrar Hussain s/o Ijaz Hussain	JCT Cardiology.
37	Muhammad Rafiq s/o Ghulam Farid	JCT Cardiology.
38	Haroon Rashid s/o Abdur Rashid	JCT Dental.

39	Muhammad Mehboob s/o M. Aslam	JCT Dental.
40	Abdur Rashim s/o Falak Sher	JCT Dental.
41	Azhar Abbas s/o Sohna khan	JCT Dental.

Mr. Speaker: Ji, Any supplementary?

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: اس میں سر میرا سپلیمنٹری یہ ہے کہ جس سادہ طریقے سے انہوں نے جواب دیا ہے، یہ ایسی بات نہیں ہے۔ میں نے ان سے پوچھا ہے کہ جو پوسٹیں منظور ہوئی ہیں تو بھرتی کا طریقہ کار کیا تھا؟ انہوں نے کہا ہے کہ عدالت عالیہ کے حکم کے مطابق ہم نے بھرتیاں کی ہیں، اس کی سٹوری کچھ یوں ہے، میں گورنمنٹ کی توجہ چاہونگا اور یہ 2003 میں جو وہاں پر ای ڈی او تھے تو اس کے پاس ایف آر کا بھی چارج تھا اور ای ڈی او بھی وہ تھے تو وہ یہ کرتے تھے کہ فاٹا میں بھرتیاں کرا کر اور یہاں پر جو پوسٹیں ہوتی تھیں تو ان کو خالی کرا لیتے تھے، اس طریقے کار کے مطابق انہوں نے کوئی تیس چالیس بندے بھرتی کر لیے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ذرا اس طرف متوجہ ہوں جی۔

Mr. Israrullah Khan Gandapur: Thankyou, Sir.

جناب سپیکر: نہیں، یہ ہیلتھ کے متعلق ہے؟

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: ہیلتھ کے متعلق ہے، تو سر انہوں نے جب وہ تیس چالیس بندے بھرتی کرا لیے، مختلف ہوتے رہے۔ جب یہ گورنمنٹ آئی تو اس سے ایف آر کا جو چارج تھا، وہ چلا گیا اور جب ان سے چارج چلا گیا تو ایف آر والوں نے 'سیٹلڈ' علاقے کے بندے جو تھے، وہ نکال لیے تو پھر انہوں نے اس کو یہ نام دے دیا کہ ہم نے ان کو کنٹریکٹ پہ لیا تھا، اگرچہ یہ کنٹریکٹ پہ نہیں تھے اور پھر انہی بندوں سے پیسے لیے گئے اور وہاں جا کے پشاور کے لیول پر فنانس میں مک مکا کیا گیا اور ان کیلئے اضافی چالیس، انچاس پوسٹیں جو ہیں مقرر کی گئیں۔ میں سر تھوڑی سی، پہلے تو میری یہ خواہش ہو گی کہ کمیٹی کو ریفر ہو جائے، اگر گورنمنٹ کہتی ہے کہ نہیں تو اپنے لیول پہ یہ انکوائری کرا لیں کیونکہ جو بات انہوں نے ہاؤس کے سامنے رکھ لی ہے، اس کی پوری انکوائری ہونی چاہیئے۔

جناب سپیکر: جی، جناب آنریبل لاء منسٹر صاحب۔

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے تو یہ Reply دیا گیا ہے کہ ہائی کورٹ کا فیصلہ تھا، یہ لوگ کنٹریکٹ ملازمین ہیں اور یہ ہائی کورٹ میں اپنی ریگولرائزیشن کے سلسلے میں گئے تھے، ہائی کورٹ نے ان کو وہ ریلیف گرانٹ کی ہے اور اس فیصلے کے تناظر میں انکی سروسز ریگولر ہوئی ہیں اور

جہاں تک بات ہے انکوائری کی، تو بالکل I assure you کہ اس کے اوپر ہم انکوائری کر لیں گے اور جو آپ نے پوائنٹس Raise کئے ہیں، Definitely اسی لائن کو انشاءاللہ، We will go on that line۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔ محترمہ نور سحر بی بی، سوال نمبر 869۔

* 869 _ محترمہ نور سحر: کیا وزیر ورکس اینڈ سروسز ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ورکس اینڈ سروسز اور محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کا آپس میں کئی دفعہ انضمام کیا گیا اور پھر علیحدہ کیے گئے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کا محکمہ ورکس اینڈ سروسز میں انضمام کی تاریخ، وجوہات اور مقاصد کی تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کی محکمہ ورکس اینڈ سروسز سے علیحدگی کی وجوہات، مقاصد اور آسامیوں کی تعداد کی تفصیل فراہم کی جائے؛

(iii) پبلک ہیلتھ انجینئرنگ / محکمہ ورکس اینڈ سروسز کے انضمام سے پہلے گریڈ سترہ اور اس سے اوپر گریڈ کی آسامیوں کی تعداد، نیز انضمام کے بعد مذکورہ آسامیوں کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں، مورخہ یکم جولائی 2001 کو سابقہ محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اور سی اینڈ ڈبلیو کا آپس میں ادغام کر کے نیا محکمہ ورکس اینڈ سروسز معرض وجود میں آیا۔ بعد میں صوبائی حکومت کی منظوری سے مورخہ 24 نومبر 2009 کو دونوں محکموں کو الگ کر کے سابقہ طریقہ کار کے مطابق سی اینڈ ڈبلیو اور پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے محکمے معرض وجود میں آئے۔

(ب) (i) پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کا محکمہ ورکس اینڈ سروسز میں انضمام کی تاریخ یکم جولائی 2001 ہے۔ اس ضمن میں یہ وضاحت کی جاتی ہے کہ نیشنل ری کنسٹرکشن بیورو (NRB) کے فیصلوں کے تحت لوکل گورنمنٹ آرڈیننس 2001 کے مطابق اس محکمے کو ٹی ایم اے کو تفویض کرنا تھا کیونکہ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس 2001 کے متعلقہ دفعات یعنی 25,15,14 اور 182 کے مطابق محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی خدمات بمعہ سٹاف محکمہ ورکس اینڈ سروسز سے علیحدہ کر کے ٹی ایم ایز کے حوالے کی جائیں تاکہ صوبائی اور

ضلعی حکومتوں اور ان کے ٹی ایم ایز کے ساتھ ضروری رابطہ بحال رکھا جائے۔ اس سلسلے میں صوبائی حکومت پر کوئی مالی بوجھ بھی نہیں پڑے گا جبکہ نئی تنظیم سے ایک طرف عوام کو پینے کا صاف پانی مہیا کرنے اور واٹر سپلائی سکیموں کی دیکھ بھال میں آسانی پیدا ہو جائے گی اور دوسری طرف ٹی ایم ایز کی تکنیکی استعداد بھی بڑھے گی۔ اس کے علاوہ تنخواہوں کی مد میں ٹی ایم ایز پر کوئی مالی بوجھ بھی نہیں پڑے۔

(ii) محکمہ ورکس اینڈ سروسز کی معرض وجود میں آنے سے پہلے محکمہ سی اینڈ ڈبلیو کی زیر نگرانی ترقیاتی کاموں میں شاہراہوں اور پلوں کی تعمیر و مرمت، سرکاری عمارات کی تعمیر و مرمت شامل ہے جبکہ محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی زیر نگرانی عوام کو پینے کا صاف پانی مہیا کرنا اور عوام الناس کو پانی کی نکاسی و سپلائی کی سہولیات شامل ہیں۔ ان دونوں محکموں کی اپنی اپنی حدود کے اندر مہارت حاصل تھی اور ان محکموں کا عملہ اپنے کاموں سے بھرپور واقفیت رکھتا ہے۔ ان محکموں کے انضمام کے بعد دونوں محکموں کے افسران واہلکاران کی صلاحیت پر برا اثر پڑا۔ دوسری طرف دونوں محکموں کے انضمام کی وجہ سے افسران کی ترقیوں میں پیچیدگیاں پیدا ہو گئیں اور مقدمات ابھی تک عدالتوں میں زیر التواء رہے جس کی وجہ سے اعلیٰ عہدوں پر نچلے درجے کے افسران تعینات تھے۔ انضمام کے بعد محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ میں آسامیوں کی تعداد درج ذیل ہے:

سیریل نمبر	آسامی	گریڈ	تعداد
1	اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ آفیسرز	17	69
2	ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسرز	18	31
3	ڈائریکٹرز	19	13
4	چیف انجینئرز	20	O2

(iii) محکمہ ورکس اینڈ سروسز میں انضمام سے پہلے گریڈ سترہ اور اس سے اوپر گریڈ کی آسامیوں کی تعداد، نیز انضمام کے بعد مذکورہ آسامیوں کی تفصیل درج ذیل ہے:

محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ انضمام سے پہلے

آسامی	گریڈ	تعداد
اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ آفیسرز	17	54
ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسرز	18	19

سپر نٹنڈنٹ انجینئر ز	19	03
چیف انجینئر	20	01

محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئر نگ انضمام کے بعد

آسامی	گریڈ	تعداد
اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ آفیسر ز	17	69
ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ز	18	31
سپر نٹنڈنٹ انجینئر ز	19	13
چیف انجینئر	20	02

محکمہ کمیونیکیشن اینڈ ورکس انضمام سے پہلے

آسامی	گریڈ	تعداد
اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ آفیسر ز	17	148
ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ز	18	71
سپر نٹنڈنٹ انجینئر ز	19	14
چیف انجینئر	20	04

محکمہ کمیونیکیشن اینڈ ورکس انضمام کے بعد

آسامی	گریڈ	تعداد
اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ آفیسر ز	17	180
ایگزیکٹیو انجینئر ز	18	70
سپر نٹنڈنٹ انجینئر ز	19	20
چیف انجینئر	20	06

Mr. Speaker: Any supplementary?

محترمہ نور سحر: جی۔ سپیکر صاحب، میرا اس میں Merger کے سلسلے میں ہے کہ انہوں نے ایک دفعہ ختم کیا اور ورکس اینڈ سروسز کو اور پبلک ہیلتھ کو، دوبارہ پھر انہوں نے اکٹھا کیا پھر انکو ختم کیا، تو مجھے یہ سمجھ نہیں آتی کہ اسمیں انکا مقصد کیا ہے کہ بار بار ان کو علیحدہ کر رہے ہیں اور بار بار ان کو اکٹھے کر رہے ہیں؟

سوائے اس کے کہ یہ پوسٹیں بڑھانے کیلئے چال چل رہے ہیں، مجھے تو اور کچھ سمجھ نہیں آتی کہ بار باران کو اکٹھا کرنے سے نقصان ڈیپارٹمنٹ کا ہوتا ہے اور اتنا گورنمنٹ کا خسارہ ہوتا ہے تو اس میں ان کا مقصد کیا ہے؟ یہ مجھے کلیئر کردیں، یہ میں نے اس لئے کردیا کہ یہ بار باران کو علیحدہ کیوں کرتے ہیں اور ورکس اینڈ سروسز میں اب ان کے پاس موجودہ چیف کی کتنی پوسٹیں ہیں اور سپرنٹنڈنٹ انجنیئرز کی کتنی پوسٹیں ہیں اور انکے پاس فی الحال موجود ہیں؟

Mr. Speaker: Honourable Law Minister, please.

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): اس طرح ہے کہ میرے خیال سے ڈیپارٹمنٹ نے انکو بڑا مفصل جواب دیا ہے کہ یہ 2001 کا جو لوکل گورنمنٹ آرڈیننس آیا تو اس کے تحت یہ Requirement تھی، این آر بی کی کہ لوکل گورنمنٹ کا جو سٹرکچر ہے، وہ Restructure کیا جائے، اس لحاظ سے جو پبلک ہیلتھ سیکٹر ہے اور سی اینڈ ڈبلیو کو اکٹھا کر کے ٹی ایم ایز، ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کو Capacity building کے لحاظ سے، یعنی سارا جو پلان تھا، تو Merge کیا گیا ان دونوں ڈیپارٹمنٹس کو لیکن They could not workout۔ یہ جو ہے تقریباً اس میں Exact number تو میں نہیں بتا سکتا لیکن بہر حال There are dozens of cases in the Peshawar High Court اور پروموشن کا مسئلہ بن گیا۔ پی ایچ ای والے جو تھے، پبلک ہیلتھ والے، انکی پروموشنز اور سی اینڈ ڈبلیو کی، یہ سارا Mix up ہو گیا اور پھر ڈیپارٹمنٹ کی Complications ہو گئیں، اب جب ہماری گورنمنٹ آئی تو ہم نے ان کو دوبارہ Bifurcate کیا ہے اور چونکہ پچھلی گورنمنٹ کی اپنی Priorities تھیں، اپنی ایک سوچ تھی اور ہماری یہ سوچ ہے کہ یہ علیحدہ علیحدہ ہونگے تو یہ زیادہ بہتر طریقے سے Run کر سکیں گے اور ایمپلائیز کیلئے بھی بڑی خوش آئند بات ہوئی ہے اور اس میں گورنمنٹ کے Loss کی کوئی بات نہیں ہے کیونکہ وہی پوسٹیں ہیں جو پہلے سے تھیں، شاید وقت کے ساتھ جو تھوڑی بہت پوسٹیں بڑھتی ہیں تو وہی بڑھی ہیں اور گورنمنٹ کا کوئی Loss نہیں ہے As such اس میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ویسے پبلک ہیلتھ کو تو اب سیکرٹری بھی مل گیا لیکن ان کی Performance کوئی اتنی Satisfied نہیں ہے تو کچھ اس میں Improvement چاہیئے جی۔ آنریبل منسٹر صاحب! اس میں کوشش کریں اور ابھی Presidential package کا کوئی اس میں پتہ نہیں کہ کتنے ٹیوب ویلز پشاور کے ایسے ہی بغیر بجلی، تار کے پڑے ہیں اور تین تین سال سے وہ Complete ہیں اور ان کو Energize نہیں کیا گیا تو Kindly اس کو ذرا لے لیں۔ جی، بی بی آپ کا۔۔۔۔۔

محترمہ نور سحر: اس کی بجائے کہ یہ کام جلد ہوگا، Speed up ہوتا جائے اگر کام Speed up نہیں ہوا ہے، جتنے بھی پبلک ہیلتھ کے لوگ ہیں تو سارے چیخیں مار رہے ہیں، رو رہے ہیں اور کسی کا بھی کام نہیں ہوتا، سوائے اس کے کہ ہم جاتے ہیں، دفتروں کے چکر میں خود دن میں دس دفعہ لگاتی ہوں اور میرا ایک کام پھنسا ہوا ہے، خوازہ خیلہ میں اور ابھی تک ایک سال میں وہ نہیں ہوا تو جب انہوں نے ایمپلائیز بڑھائے تو اس وجہ سے بڑھائے کہ لوگوں کے کام Speed up ہو جائیں، اگر یہ مسئلہ حل نہیں ہوتا تو پھر اس کو بڑھانے کا کیا فائدہ؟

جناب سپیکر: اس میں میری رولنگ آ گئی نا، بس اس میں Improvement کی آنریبل منسٹر صاحب کوشش کریں اور یہ ڈیپارٹمنٹ کی بڑی کمزوری ہے تو اس کو Improve کیا جائے۔ Clean water زندگی کی اہم ضرورت ہے۔ جی، تاج محمد خان ترند صاحب، سوال نمبر 884۔

* 884 _ جناب تاج محمد خان ترند: کیا وزیر ورکس اینڈ سروسز ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 09-2008 کے اے ڈی پی میں صوبے بھر کیلئے نئے پل شامل کئے گئے ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ پلوں سے ایک پل پی ایف 59 بٹگرام کیلئے جناب وزیر اعلیٰ صاحب کے حکم کے ذریعے دیا گیا تھا؛

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ پل پر کام ابھی تک کیوں شروع نہیں کیا گیا ہے، اسکی تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) حلقہ پی ایف 59 بٹگرام میں بٹہ موڑی کے مقام پر پہلے سے منظور شدہ پل پر تا حال کام کیوں شروع نہیں کیا گیا، اسکی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں، پی ایف 59 بٹگرام میں جو پل دیا گیا ہے، اس پل کا نام کنسٹرکشن آف برج مندروالی ہے جو کہ شملائی ہل روڈ پر واقع ہے۔

(ج) (i) مذکورہ پل کی Consultancy کی منظوری Administrative Approval مورخہ 4 فروری 2009 کو ہوئی جس پر پل کے ڈیزائن کیلئے مورخہ 4 مارچ 2009 کو ٹینڈر جاری کئے گئے اور ان ٹینڈرز کو منظوری کیلئے DCSC کے پاس بھیجا گیا، جہاں سے مورخہ یکم جولائی 2009 کو ٹینڈرز منظور

ہوئے جس کے بعد متعلقہ ادارے کو ڈیزائن بنانے کیلئے آرڈر جاری کیا گیا اور مورخہ 17 دسمبر 2009 کو متعلقہ ادارے سے ڈیزائن / ڈرائنگ وغیرہ موصول ہوئے جس پر PC-1 Estimate بنا کر اور ضروری کارروائی کے بعد ڈی ڈی ڈبلیو پی نے مورخہ 27 جنوری 2010 کو منظوری دی اور اسکے بعد سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو کے دفتر سے بذریعہ چٹھی نمبر SOR/V-39/W&S/05/Vol-II مورخہ 17 فروری 2010 کو Administrative Approval جاری کی گئی۔ مذکورہ پل کے ٹینڈر کا اشتہار ڈائریکٹر انفارمیشن پشاور کو بذریعہ چٹھی نمبر 362/IM کیا گیا، جنہوں نے اسے مختلف اخبارات میں مشتہر کیا۔ مورخہ 12 مارچ 2010 کو ٹینڈرز طلب کئے گئے ہیں اور جب ٹینڈر کھل جائیں گے تو ان کو منظوری کیلئے متعلقہ اتھارٹی کو بھیجا جائے گا جہاں سے منظوری کے بعد کام شروع کرنے کیلئے ٹھیکیدار / فرم کو ورک آرڈر جاری کر دیا جائے گا۔

(ii) مذکورہ پل کی Consultancy کی منظوری مورخہ یکم مارچ 2008 کو ہوئی، مذکورہ Administrative Approval Letter کے مطابق یہ سکیم ایف اچ اے نے بذریعہ چٹھی نمبر 9PD/FHA/164 مورخہ 9 مئی 2008 کو اس سکیم کے مطابق کہہ دیا کہ یہ کمیونیکشن اینڈ ورکس بٹگرام کے ساتھ تعلق رکھتی ہے۔ مورخہ 17 اکتوبر 2008 کو Review کی میٹنگ میں یہ فیصلہ ہو گیا کہ یہ سکیم کمیونیکشن اینڈ ورکس بٹگرام پایہ تکمیل کو پہنچائے گا جس کے بعد پل کے ڈیزائن کیلئے مورخہ 11 نومبر 2008 کو ٹینڈر جاری کئے گئے، ٹینڈر کیلئے کوئی Consultant حاضر نہیں ہوا پھر مورخہ 2 دسمبر 2008، 4 دسمبر 2008، 31 دسمبر 2008، 2 جنوری 2009، 6 جنوری 2009، 24 فروری 2009 اور 28 فروری 2009 کو ٹینڈرز دوبارہ طلب کئے گئے لیکن درجہ بالا تاریخوں پر بھی کوئی Consultant ٹینڈر کیلئے حاضر نہیں ہوا اور آخر کار 4 مارچ 2009 کو جو ٹینڈرز طلب کئے اس کیلئے Consultant حاضر ہوئے اور ان ٹینڈرز کو منظوری کیلئے ڈی سی ایس سی کے پاس بھیجا گیا جہاں سے مورخہ یکم جولائی 2009 کو ٹینڈرز منظور ہوئے جس کے بعد متعلقہ ادارے کو ڈیزائن بنانے کیلئے مورخہ 15 جولائی 2009 کو ورک آرڈر جاری کیا گیا جہاں سے مورخہ 2 جنوری 2010 کو ڈیزائن آرڈرز موصول ہوئے جس پر PC-I estimate بنا کر بذریعہ SE C&W Circle بٹگرام چٹھی نمبر 170/1-H مورخہ 9 جنوری 2010 کو چیف انجینئر پشاور کو بھیجا گیا۔ مورخہ 27 جنوری 2010 کو ڈی ڈی ڈبلیو پی میٹنگ میں سکیم کی لاگت 36.566 ملین روپے سے کم کر کے 29 ملین روپے کر کے سکیم کو منظور کر لیا گیا اور اسکے بعد سیکرٹری سی

اینڈ ڈبلیو کے دفتر سے بذریعہ چٹھی نمبر II SOR/v-39/w and s/05 /vol- مورخہ 17فروری 2010کو Administrative Approval جاری کی گئی۔ مذکورہ پل کے ٹینڈر کے اشتہار کیلئے ڈائریکٹر انفارمیشن پشاور کو بذریعہ چٹھی نمبر 362/IM مورخہ 18فروری 2010 کو کیا جنہوں نے اسے مختلف اخبارات میں مشتہر کیا۔ مورخہ 12مارچ 2010 کو ٹینڈرز طلب کئے گئے ہیں اور جب ٹینڈرز کھل جائیں گے تو انہیں منظوری کیلئے متعلقہ اتھارٹی کو بھیجا جائے گا، جہاں سے منظوری کے بعد کام شروع کرنے کیلئے ٹھیکیدار فرم کو ورک آرڈر جاری کر دیا جائے گا۔

<u>Mr. Speaker</u>: Any supplementary?

<u>جناب تاج محمد خان ترند</u>: جناب سپیکر، یہ میرا کوسچن اے ڈی پی 09-2008 کے بارے میں تھا اور یہ کوسچن میں نے کافی پہلے جمع کیا تھا لیکن اب اس کی ضرورت نہیں کیونکہ آج اس پل پر ٹینڈرز ہوئے اس لئے I am satisfied. Thank you۔

<u>جناب محمد تیمور خان</u>: جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر</u>: تیمور خان، تیمور خان کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ (تالیاں) جی، تیمور خان کا مائیک آن کریں۔

<u>جناب محمد تیمور خان</u>: مهربانی۔ سپیکر صاحب، دا جی 09-2008 کښے اے ډی پی کښے زما د ایریا د پاره هم د یو پل منظوری شوے وه، د هغے تپوس د منسټر صاحب نه کول غواړو چه هغے باندے به کار کله شروع کیږی او ټینډر میندر به ئے کله اوځی؟ مهربانی جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی که څه انفارمیشن د رسره وی، دے خو فریش کوئسچن خو څه ډیټا شته؟

<u>وزیر قانون</u>: زما خیال دے که فریش کوئسچن اوکړی او که د دوئ څه داسے دغه وو، دوئ ته مونږ Consensus سره یو پل ورکړے وو خو چه دوئ سره څنګه ډیټیلز نشته؟ بهرحال فریش کوئسچن د راوړی نو بیا به ورته دغه اوکړو۔

<u>جناب سپیکر</u>: دا ځوانان دی، آنریبل ممبرز، وروستو چیمبر کښے د دوئ دا مسئله حل کړه چه د ده په زړه څه دی۔

<u>وزیر قانون</u>: ټهیک شوه جی۔

Mr. Speaker: Thank you, ji. Taj Muhammad Tarand Sahib, again, Question No. 885.

* 885 _ جناب تاج محمد خان ترند: کیاوزیر ورکس اینڈ سروسز از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 2009-10 کے اے ڈی پی میں چودہ کلو میٹر سڑک کی تعمیر کیلئے فنڈز رکھے گئے ہیں;

(ب) آیا یہ درست ہے کہ مذکورہ چودہ کلو میٹر میں سے دو کلو میٹرز سڑک پی ایف 59 بٹگرام میں تعمیر کی جائے گی;

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ دو کلو میٹر سڑک پر اب تک کام کیوں شروع نہیں کیا گیا، اسکی موجودہ پوزیشن کیا ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں، 2009-10 ADP میں سیریل نمبر 376/90449 میں چودہ کلو میٹر سڑک کی تعمیر کیلئے اس سال 100.00 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں۔

(ب) جی ہاں، پی ایف 59 بٹگرام میں دو کلو میٹر روڈ تعمیر کی جائیگی جو متعلقہ ممبر صوبائی اسمبلی نے درج ذیل نام دیئے ہیں۔

(1) کنسٹرکشن آف روڈ KKH سے گاؤں ہوتل دیشان ایک کلو میٹر۔

(2) کنسٹرکشن آف روڈ KKH سے واسمہ نڑیالہ ایک کلو میٹر۔

(ج) مذکورہ سکیم پی ڈی ڈبلیو پی فورم نے مورخہ 23 فروری 2010 کو 115.00 ملین روپے کیلئے منظور کی ہے۔ اس میں ضلع بٹگرام کی دو کلو میٹر لمبائی کی مندرجہ بالا سڑکیں شامل ہیں، Formal Administrative Approval کے بعد ٹھیکیداروں سے ٹینڈرز طلب کئے جائیں گے اور ضروری کارروائی مکمل ہونے کی بعد کام جلد شروع کیا جائے گا۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

جناب تاج محمد خان ترند: جناب سپیکر، دا موجوده اے ډی پی 2009-10 کښے چوده کلومیټر د اووه حلقو د پاره منظور شوے وو چه هغے کښے دوه کلومیټره زما د حلقے د پاره هم وو۔ جناب سپیکر، زما د منسټر صاحب نه دا کوئسچن دے چه اوس خو تقریباً کال ختمیدو والا دے او دے باندے به کله پورے ټینډر لګی چه کار شروع شی؟ ولے چه کال ختمیدو باندے دے۔ شکریه۔

Mr. Speaker: Ji, honourable Law Minister, please.

وزیر قانون: دیکښے سر، دا مونږه دوئ ته لیکلی دی چه یره 23 فروری 2010 باندے پی ډی ډبلیو پی د دے منظوری ورکړے ده او اوس انشاءاللہ د دے Formal Administrative Approval هم راروان دے او ټینډرز چه کوم دی هغه طلب کول دی که اوګورئ Shortly, matter of days، انشاءاللہ۔

جناب سپیکر: تھینک یو، جی۔ محمد زمین خان صاحب، سوال نمبر 886۔

* 886 _ جناب محمد زمین خان: کیاوزیرورکس اینڈسروسزازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ پشاور میں اراکین صوبائی اسمبلی کی رہائش کیلئے ایم پی ایز ہاسٹل موجود ہے؛

(ب) آیایہ درست ہے کہ مذکورہ ہاسٹل کی سالانہ تزئین وآرائش، مرمت اور دیکھ بھال پر حکومت خطیر رقم خرچ کررہی ہے؛

(ج) آیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ہاسٹل میں ایم پی ایز کوروزمرہ استعمال کیلئے ٹی وی، ریفریجریٹرز، کمبل، بیڈشیٹس، ہیٹرز، کرسیاں، صوفہ سیٹ، قالین، کراکری وغیرہ فراہم کی جاتی ہیں؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سال 2005 سے یاحال مذکورہ اشیاء پر سالانہ کل کتنی لاگت آئی ہے، آئٹم وائز تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیراعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) جی ہاں۔

(د) آئٹم وائز تفصیل درج ذیل ہے:

Year 2005-06:

Civil Work	43,26,089
Electric Work	7,23,696
Furnishing work	22,69,937
Sui Gas Work	2,79,000
Repair of tubewell/ Genrator	2,95,860
Miscellaneous Item	6,00,671
Total	84,95,253

Year 2006-07: Civil Work 16,55,000

Year 2007-08:

Civil Work	2,94,16,100
Furnishing Work	29,89,900
Internal Road	4,53,000
Total	3,45,14,000

Year 2008-09:

Civil Work	1,20,86,424
Furnishing work	96,61,936
Electric Work	53,39,852
Sui Gas Work	3,35,731
Suply of two genrators 200KV	98,89,000
Total	3,73,00,000

Year 2009-10:

Extension Cable System	13,30,000
Miscellaneous items	52,87,000
Paper Blockers	13,77,000
Total	79,94,000

DETAIL OF ITEMS FOR MPA HOSTEL YEAR WISE

No	Name of item	2005-06	2006-07	2007-08	2008-09	2009-10
1	T V 21”	,	-	-	90-Nos	-
2	Fridge	.	-	-	20-Nos	-
3	Blanket	132-Nos	-	-	150-Nos	-
4	Towel	.	-	-	168-Nos	-
5	Bed sheet	178-Nos.	-	-	350-Nos	-
6	Bed foam	30-Nos.	-	-	112-Nos	-
7	Foam cover	150-Nos.	-	-	160-Nos	-
8	Pillow	32-Nos	-	-	250-Nos	-
9	Pillow cover	-	-	400	462-Nos	-
10	Heater(Renai)	-	-	-	13-Nos	-
11	200KV Generator	-	-	-	2-Nos	-
12	Single bed foams	-	-	40-Nos	-	-
13	Bed room chair	-	-	50-Nos	-	-
14	Center table set	-	-	10-Nos	-	-
15	Bed side table	-	-	9-Nos	-	-
16	Woolen carpet	5046Sft	-	8954-sft	-	-
17	Curtain cloth	3153Yards	-	1837 Yd	-	-
18	Lining cloth	-	-	656Yd	-	-

19	Telephone sets	25-Nos	-	160 Nos	-	-
20	Lawn Mover	-	-	1-No	-	-
21	Mug lota Balti	-	-	75-Nos	-	-
22	Dust bin	-	-	100-Nos	-	-
23	Steel Jug & glass	-	-	12-Nos	-	-
24	Glass water set.	-	-	30-Nos	-	-
25	Tea cups		-	20 Nos		
26	Steel Donga		-			
27	Tea spoon		-	30 Nos		
28	Service tray		-	40 Nos		
29	GeneratorBettery		-	1. No		
30	Afghan Rugs(9x6)		-	8-Nos		
31	Afghan Rugs(4x6)		-	54 Nos		
32	Electricwater cooler	2.Nos	-			3. Nos
33	Double Bed		-			1. No
34	Chairs		-			30 Nos
35	Tance Table		-			2 Nos
36	Office Table	5. Nos	-			2 Nos
37	Revolving chair		-			2.Nos
38	Steel spoon	16. Nos	-			
39	Window type AC 1½	5. Nos	-			
40	5.Seater sofa set	1. Nos	-			
41	T.V trolley	78. Nos	-			

حاجی قلندر خان لودھی: جی، یہ زمین خان کا کوسچن ہے اور یہ ہاسٹل کے متعلق ہے، جناب کروڑوں روپے اس میں رکھے ہوئے ہیں اور اس میں یہ ذرا میں چاہتا ہوں، مؤور ہے نہیں، تو یہ کمیٹی میں جانا چاہیئے اور یہ تو بڑا Important سا مسئلہ ہے تو اس میں پتہ نہیں چلتا۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی، آپ بسم اللہ کریں، اس میں کیا کمی ہے اور یہ تو ہم سے بھی تھوڑا Related ہے۔

حاجی قلندر خان لودھی: جی، اس میں یہ ہے۔۔۔۔

جناب سپیکر: ایم پی ایز سارے بیٹھے ہیں۔ جی بسم اللہ، قلندر خان لودھی صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی: شکریہ۔ جناب سپیکر، اس میں آپ نے سوال دیکھا ہے، اس میں کروڑوں کا جواب دیا ہے، ٹھیک ہے اس میں سول ورک کا کام ہے یا بلڈنگ بنی ہے تو وہ علیحدہ ہے۔ اس کے بعد اس میں بہت زیادہ لکھا ہوا ہے کہ اتنے کمبل لائے گئے، اتنی اس میں شیٹیں لائی گئی ہیں اور میں ڈھائی مہینے میں Practically یہ کہتا ہوں کہ مجھے ایک دفعہ بیڈ شیٹ بہت زیادہ مانگنے پر ملی ہے، ڈھائی مہینے میں ایک، وہ تبدیل کرنے والی، یہ میں نے اس کے بعد ایک نئی خریدی ہے۔ میں آپ کے علم میں یہ بات لانا

چاہتا ہوں اور آپ کی وساطت سے گورنمنٹ کی توجہ بھی چاہونگا کہ پچھلے سیشن میں جب ہم ہاسٹل میں رہ رہے تھے تو ہمارے سارے کمرے Carpeted تھے، اس میں کارپٹ تھی، صوفہ سیٹ تھا، سب سیٹ تھا اور جب یہ دوسرا آیا 2008 کا الیکشن ہوا تو اس میں ہمارے ہاسٹل میں وہ ماربل ٹائیلز لگ گئی ہیں۔ میں یہ پوچھتا ہوں کہ وہ اتنی قیمتی کروڑوں اور لاکھوں روپے کی کارپٹ تھی، وہ صوفے تھے تو وہ کدھر گئے، کوئی اس کا Stock taking ہے؟ میں نے Care Taker سے پوچھا ہے، اس کے بعد سیکیورٹی کے پاس آیا اور ان سے پوچھا تو ان کے رجسٹر میں کوئی ریکارڈ نہیں ہے کہ ہاسٹل میں کیا چیز آتی ہے اور کیا چیز جارہی ہے؟ اس کا کوئی والی وارث ہی نہیں ہے جناب سپیکر، آپ آئے ہیں یہ ہماری اسمبلی تھی اور اس کی بلڈنگ تو وہی ہے، بلڈنگ بنی ہوئی تھی لیکن اس میں اب جو مزہ آتا ہے، آپ نے اس برآمدے کو بند کیا تو ہمارے بیٹھنے کی کتنی جگہ بن گئی اور بہت ساری چیزیں اور وہ پیسے نظر آتے ہیں۔ خوشی ہوتی ہے کہ ہمیں ایک Facility مل گئی، ہاسٹل میں ہمارے کروڑوں کے خرچے ہیں، اس ہاسٹل میں ہمیں Facility کیا ہورہی ہے، ہماری کوئی چیز خراب ہو جائے، ہمارا اگر ایک دستہ خراب ہو جائے تو وہ مہینے لگ جاتے ہیں اور وہ تبدیل نہیں ہوتا، کوئی باتھ روم کا مسئلہ آجاتا ہے، اس میں ہمارا مسئلہ ہے، تو اتنے کروڑوں روپے یہاں رکھے ہوئے ہیں، میں تو یہ چاہونگا کہ یہ کمیٹی کے پاس جائے اور اس سے آگے مؤور بھی ہیں اور اگر آپ اجازت دیں تو، میں اس پر پوری تیاری کرکے، اس کو کمیٹی کے حوالہ کریں، اس کو Thrash out کرنا چاہیئے۔ یہاں ہمارے سینیئرز، ہم جو ایم ایز ہیں تو اس کا ذمہ دار کون ہوگا اور اگر ہم ایک چیز کو کنٹرول نہیں کر سکتے، ہم اپنی ناک کے نیچے ایک چیز کو نہیں چیک کر سکتے تو باقی ہم کیا کریں گے، دوسرا ہم کسی کو کیا Defend کریں گے؟

<u>جناب وجیہہ الزمان خان</u>: جناب سپیکر۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی، وجیہہ الزمان صاحب۔

<u>جناب وجیہہ الزمان خان</u>: شکریہ، جناب سپیکر۔۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: ایک منٹ ذرا، یہ ہمارا ایک Delegation پروفیسر عطاء اللہ جان، چیف پراکٹر، ایڈورڈز کالج Alongwith his students ہاؤس میں آئے ہیں، میں تمام ہاؤس کی طرف سے ان کو خوش آمدید کہتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: جی، وجیہہ الزمان صاحب۔

جناب وجیہہ الزمان خان: سر، لودھی صاحب نے بڑی اچھی بات کی، اس میں ایک گزارش اور کرنا چاہتا ہوں، جیسا کہ ہم دیکھ رہے ہیں کہ دن بدن پانی کی کمی ہوتی جا رہی ہے اور ہمارے ایم پی ایز ہاسٹل کے اکثر واش رومز میں Washers leak ہوتے ہیں جس کی وجہ سے ساری رات پانی چلتا ہے اور اکثر رات کو اگر آپ کو واش روم جانا پڑے تو پانی نہیں ہوتا، صبح موٹر چلتی ہے تو پانی آتا ہے، ایک فضول پانی کا ضیاع ہے اور پھر بجلی کا خرچہ جو موٹر سے Suction ہوتی ہے تو یہ Kindly اگر Maintenance کی طرف توجہ دی جائے، Maintenance ٹھیک نہیں ہو رہی اور یہ گزارش کرنا چاہونگا جناب سپیکر، یہ سیکرٹریٹ کے سامنے ایک کار پارک ہے جس کے ساتھ دو بینک اور پولیس لائن بھی ہے، سر ویسے بھی ہمارے پاس کار پارکنگ کا بہت پرابلم ہے اور گاڑی کھڑی کرنے کی جگہ نہیں ہے اور وہ ایک کافی کھلا کار پارک ہے جسمیں کوئی نہ ایم پی اے جا سکتا ہے، نہ اس میں کوئی اور جا سکتا ہے تو ایک پارکنگ ویسے بھی نہیں ہے اور جو لوگ اندر بینک والے ہیں، نہ وہ اپنی گاڑیاں پارک کر سکتے ہیں تو پریشانی ہے، تو میرا مقصد ہے کہ یہاں اگر کوئی ایسا مسئلہ ہو تو اس کو بند کر دینا مسئلے کا حل نہیں ہے اور اگر پشاور میں Security risk ہے، کوئی ایسے معاملات ہیں تو یہ کہہ دینا کہ سارے پشاور کو چھوڑیں اور اس کی چار دیواری لگا دیں تو یہ بات مناسب نہیں ہے، وہاں مناسب سیکیورٹی کا انتظام کیا جائے اور مہربانی کر کے اس کار پارکنگ کو کھولا جائے۔ بہت مہربانی سر۔

جناب محمد ظاہر شاہ خان: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی، ظاہر شاہ خان۔

جناب محمد ظاہر شاہ خان: شکریہ۔ سپیکر صاحب، زما خو دا، سر میری ریکویسٹ یہی ہے کہ ایم پی ایز ہاسٹل کے جو ملازمین ہیں تو وہ میرے خیال میں سی اینڈ ڈبلیو کے ساتھ ہیں، چونکہ یہ ایم پی ایز ہاسٹل ہے اور یہ ڈائریکٹ آپ کی اسمبلی کے پاس ہونا چاہیئے، اس کا اختیار آپ کے پاس ہونا چاہیئے تو یہ ملازمین جتنے ہیں تو وہ آپ کے Under آنے چاہیئے۔ دوسری بات یہ ہے کہ وہاں پر ایم پی ایز ہاسٹل میں چوہے بہت زیادہ ہیں اور بہت بڑے بڑے چوہے ہیں (قہقہہ) سر، وہ چوہے بہت بڑے ہیں اور وہ ہمارے قابو میں نہیں آتے تو اس کیلئے کوئی خصوصی بندوبست کیا جائے کیونکہ اس نے ہمیں بہت پریشان کر رکھا ہے اور ہر کمرے میں ہوتے ہیں۔

جناب وجیہ الزمان خان: جناب سپیکر، ایک گزارش۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شاہ حسین صاحب! دا سے کوؤ چہ د ھاسٹل متعلق خبرہ دہ، دا بہ کمیٹئ تہ اولیږو، بس تاسو بیا ھلتہ ټول پرے خپلو کښے دغہ اوکړئ۔

جناب شاہ حسین خان: سپیکر صاحب! دیکښے د یو ډبل روم خبرہ دہ سپیکر صاحب، یو پکښے د ډبل روم خبرہ دہ چہ دا ډبل روم چا تہ ملاؤ دے ؟

جناب سپیکر: تاسو کښے څوک وی آئی پی بہ وی کنہ۔ Is it the desire of the House that Question asked by the honourable Member may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Question is referred to the concerned Committee.

مفتی سید جانان صاحب! سوالونہ مو پړھاؤ کړل جی ؟

مفتی سید جانان: او جی۔

جناب سپیکر: جی بسم اللہ، سوال نمبر اووایہ ؟

مفتی سید جانان: سوال نمبر دے جی 797۔

جناب سپیکر: جی۔

* 797 _ مفتی سید جانان: کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرئیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ دیگر اضلاع کی طرح ضلع ہنگو کے ہسپتالوں میں باولے کتوں، کالے یرقان بی وسی کیلئے ویکسین موجود ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع ہنگو کے ہسپتالوں کو غریب عوام کے علاج کیلئے مفت ادویات فراہم کی جاتی ہیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) 2008/09 کے دوران مذکورہ بالا بیماریوں کے ویکسین سے ضلع ہنگو میں جن لوگوں کا علاج ہوا ہے، ان کی مکمل تفصیل بمعہ نام و پتے فراہم کی جائے؛

